फिल्म

پرنس

اداکاران

شمی کپور

وجنتی مالا

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

اعلیٰ پریس دہلی

گانے

پرنس فلم کے

گانا نمبرا

مدہوش ہوا متوالی فضا سنسار سہانا لگتا ہے
کرے نہ کسی سے پیار کہیں دل اپنا دیوانہ لگتا ہے

راہی ہوں نیا انجان ڈگر
پیارا ہے بڑا جیون کا سفر
نکلا ہوں میں مستی میں
معلوم نہیں منزل ہے کدھر
بہکے ہوئے بے چین قدم پائیں گے ٹھکانہ لگتا ہے

گانا نمبر۲۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوائیں دل بلجائے
ہائے جوانی دیوانی دیکھ نیا یہ اُڑتی جائے
ہائے جوانی دیوانی

رنگ جوانی توبہ رے توبہ
کتنی سہانی توبہ رے توبہ
دل کی امنگیں کیا بتلاؤں
کتنی طوفانی توبہ رے توبہ
جس کو دیکھے دیکھے ہی جائے۔ ہائے جوانی...

ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا...

بانکی ادائیں ہائے رے غضب
بہکی نگاہیں ہائے رے غضب
کوئی رنگیلا ساتھی مل جائے
لب پہ دعائیں ہائے رے غضب
منزل منزل دھوم مچائے ہائے جوانی...
دل میں کسک دیا رے دیا
پھول سی مہک دیا رے دیا
بات کرے تو رس برسائے
چال میں لچک دیا رے دیا
خود کو دیکھے اور شرمائے ہائے جوانی...
گانا(مرد)کرے نہ کسی سے پیار کہیں دل اپنا دیوانہ لگتا ہے
مدہوش ہوا متوالی فضا سنسار سہانا لگتا ہے
پل بھر کو نہ ہم آرام کریں
دو ہاتھ ہزاروں کام کریں
قسمت کی شکایت کیا کرنا
بھگوان کو کیوں بدنام کریں
اک روز ہمارے ہاتھوں سے بدلے گا زمانہ لگتا ہے
جو آگ ہمارے دل میں لگے

اس آگ میں میرا دل بھی جلے

دھنوان ہو یا نردھن ہو کوئی

دانا کی نظر میں ایک ہوئے

انسان سے رشتہ انساں کا اس جگ میں پرانا لگتا ہے..

گانا نمبر ۲: مقابلہ ہم سے نہ کرو مقابلہ ہم سے نہ کرو

ہم تمہیں اپنے رنگ میں رنگ ڈالیں گے ایک ہی پل میں

مقابلہ ہم سے نہ کرو مقابلہ....

ہم تمہیں اپنے رنگ میں رنگ ڈالیں گے...

ہمارے سامنے کس کا چراغ جلتا ہے

ہمارے سامنے سورج بھی ہاتھ ملتا ہے

ہمارے سامنے جلوے بھی سر جھکاتے ہیں

یہ حسن والے ہمیں سے تو ہار جاتے ہیں

مقابلہ ہم سے نہ کرو...

تڑپنے لگتے ہیں دل جس طرف گذر جائیں

جنہیں ہو ناز ذرا میرے سامنے آئیں

ہمارے پیار کی قیمت کو تم سنوارو گے

تمہارا چہرہ یہ کہتا ہے دل کو ہارو گے

مقابلہ ہم سے نہ کرو...

ہمیں نہ چھیڑو کہ ہم تو ہیں ناز کے پالے

تمہارے جیسے بہت دیکھے جاننے والے
یہ میرے پیار کا دعویٰ ہے انتقام نہیں
تمہیں نہ اپنا بنا یا تو میرا نام نہیں
مقابلہ ہم سے نہ کرو ..

گانا نمبر ۵: - نظر میں بجلی ادا میں شعلے
جناب عالی میں صدقے جاؤں
ذرا پلٹ کے ادھر تو دیکھو
ادا نظر والی میں صدقے جاؤں
کبھی تو ہمکو سلام کرلو۔ کبھی تو پوچھو کہ حال کیا ہے
حسن تمکو دیا خدا نے تمہارا اس میں کمال کیا ہے ....
تیرا یہ عاشق تیرا دیوانہ زمانے بھر سے جدا ہے پیارے
سیوں یہ میرے جو آ گئی ہے
وہ تیرے دل کی صدا ہے پیارے - نظر میں ..
غرور تیرا میں توڑ دوں گا یہ ناز تیرا نہیں سہوں گا
جو پیار سے تو یہ جان مانگے
قسم خدا کی میں جان دوں گا - نظر میں ..

گانا نمبر ۶: - بھٹ یہ ستارے بیٹھے ہوئے
او جان تمنا کدھر جا رہی ہو
ذرا پاس آؤ تو چین آ جائے

تیرے بننے سنورنے کا جب ہی مزا
کوئی دیکھنے والا عاشق تو ہو
نہیں تو یہ جلوے ہیں بجھنے دیئے
کوئی بٹنے والا اک عاشق تو ہو

بدن پہ ستارے...

چلیں جب یہ ہوں گے تو اے دلربا
کہنے دیکھ کر ہائے تڑپاؤ گی
نہ دیکھو گی تم پھر کبھی آئینہ
ہمارے نہ ہار دو گھبراؤ گی

بدن پہ ستارے...

محبت کی یہ انتہا ہو گئی
کہ مستی میں تم کو خدا کہہ گیا
زمانہ یہ الزام کرتا رہے
بُرا کہہ گیا یا بھلا کہہ گیا

بدن پہ ستارے...

گانا نمبر ۷:۔ نہ جانے نہ دوں گی دلدار
تیری میری لاگی شرط
کھائی جائیں گے نینوں کے وار
تیری میری لاگی شرط

چاند سے مکھ پہ بندیا چمکنے لگی
لال ہونٹوں کی اگنی بھڑکنے لگی
روپ ایسا کسی نے نہ دیکھا کہیں
ہر قدم پہ جوانی چھلکنے لگی
مار ڈالے گا سولہ سنگار، تیری میری لاگی شرط
تیرے پیچھے ہے جگ میرے پیچھے ہے تو
ہر قدم پہ میرا ہاتھ کھینچے ہے تو
لوگ جل جل کے دیکھے ہیں میری طرف
میری باہوں میں جب آنکھ میچے ہے تو
بُرا اڑیل ہے منوا ہمار، تیری میری لاگی شرط
مجھ کو نینوں میں کوئی چھپائے نہیں
سیدھا سادھا مجھے پیار بھائے نہیں
میں کہوں گی پیا چاہے لاگے بُرا
مجھ کو چھیڑے بنا نیند آئے نہیں
نیکھی بتیوں سے بڑھتا ہے پیار
تیری میری لاگی شرط

تمام شد

کالا جادو عرف قانون محبت

کہاں ہیں وہ بدنصیب عشاق جو دیدار یار کی ایک جھلک دیکھنے کی خاطر اپنا سب کچھ لٹا دیتے ہیں۔ آئیں اور اس کتاب کے ذریعہ نہایت آسانی سے اپنی مراد حاصل کریں۔

قیمت صرف چار روپے بمعہ ڈاک خرچ

فن جادو مسمریزم

مسمریزم یا ہپناٹزم قابلیت کی ایک عجیب وغریب کتاب ہے۔ اس کے ذریعہ آپ زمین میں گڑھی ہوئی دولت اور چوری گئی ہوئی چیز کا پتہ لگا سکتے ہیں۔ اس علم کے ذریعہ مقدمہ کا نتیجہ معلوم کر سکتے ہیں۔ غرضیکہ یہ کتاب آپکی ہر مشکل میں کام آسکتی ہے۔

قیمت صرف چار روپے بمعہ ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی